| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 10 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: جغرافیہ (Geography) | سبق کا نام: گلوب اور نقشے کی مہارتیں (Globe and Map Skills) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- نقشے کی مدد سے (BOLTS) کے تصور کی وضاحت کر سکیں۔
- نقاط اصلیہ یعنی بنیادی سمتی نشانات کی مدد سے سمتوں کے تصور کو سمجھ سکیں اور اطراف رئیہ یعنی قطب نمائی سمتوں کو شکل کی مدد سے سمجھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- دنیا میں کتنے براعظم ہیں؟ ان کے نام بتائیں۔
- دنیا میں کتنے بڑے سمندر ہیں اور ان کو کیا کہتے ہیں؟

طلبہ کی جواب دینے میں حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 59 تا 61 سے متن پڑھیں۔ پڑھنے کے دوران میں بچوں کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- انھیں نقشے کے عناصر کے بارے میں بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ یہ عناصر کسی بھی نقشے کو بنانے، پڑھنے اور سمجھنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہم ان عناصر کو سمجھنے کے لیے ایک انگریزی عنوان 'BOLTS' کے بارے میں جانیں گے جو نقشے کے عناصر ظاہر کرتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر 'BOLTS' کو سمجھانے کے لیے ایک خاکہ بنائیں اور اس میں انگریزی میں 'BOLTS' کا ہر پہلا حرف بڑا رکھیں اور باقی تمام چھوٹے رکھیں اور خاکہ مکمل کرنے کے بعد 'BOLTS' کو دائرے کی مدد سے واضح کریں۔

- اس خاکے کی مدد سے انھیں بتائیں کہ 'BOLTS' کا کیا مطلب ہے۔ان کے اردو میں معانی بھی بچوں کو بتائیں۔

| Border | Orientation | Legend | Title | Scale |
|---|---|---|---|---|
| حدود | سمتیں | علاماتی فہرست | عنوان | پیمانہ |

**اعادہ** **3منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے مشق جزو(ا) کے سوالات طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سوال نمبر ۴ حل کر کے لائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 10 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ (Geography) | سبق کا نام: گلوب اور نقشے کی مہارتیں (Globe and Map Skills) |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- نقشے کی مدد سے (BOLTS) کے تصور کی وضاحت کر سکیں۔
- نقاط اصلیہ یعنی بنیادی سمتی نشانات کی مدد سے سمتوں کے تصور کو سمجھ سکیں اور اطراف رئیہ یعنی قطب نمائی سمتوں کو شکل کی مدد سے سمجھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- گلوب اور نقشے میں کیا فرق ہے؟

بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''نقشہ سازی کی مہارتیں'' نمایاں کر کے لکھیں۔
- انھیں بتائیں کہ آج ہم نقشے کے عناصر میں سمتوں کے بارے میں جانیں گے۔
- متن کی مدد سے طلبہ کو سمتوں کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں کو ''قطب نما'' کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ قطب نما کی مدد سے ہم کسی بھی جگہ پر اپنے اطراف کے مقامات کے بارے میں جان سکتے ہیں اور کسی بھی جگہ کی سمت کا تعین کر سکتے ہیں۔
- تختہ تحریر قطب نما بنائیں اور اس پر چار بنیادی سمتوں (شمال، جنوب، مشرق، مغرب) اور ثانوی سمتوں (شمال مشرق، شمال مغرب، جنوب مشرق، جنوب مغرب) کے نام لکھیں۔
- انھیں بتائیں نقشے پر موجود علاماتی فہرست نقشے کو سمجھنے میں مددگار ہوتی ہے۔ اسی طرح ہر نقشے کا ایک عنوان ہوتا ہے جو نقشے کا مقصد اور متعلقہ علاقے کا پتا بتاتا ہے۔

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں۔اب ہر گروہ کوایک خالی پیپر دیں اوران سے کہیں کہ نقشے کے عناصر کااستعمال کرتے ہوئے اپنے اسکول/کمرہ جماعت کانقشہ بنائیں اوراس کے اطراف میں موجود مختلف جگہوں کے نام تحریر کریں۔
- نقشہ تیار کر کے نقشے کی خاکے میں رنگ بھریں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

مشق جزو(۲)کاسوال(i)کاجواب طلبہ سے سنیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کاکام:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی3 |
| اُستاد کا نام:________ | ہفتہ:10 | تاریخ:________ | وقت:40منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: تاریخ<br>باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: انسانی تہذیب کا آغاز، قیام پاکستان میں صوبوں /علاقوں کا کردار اور پاکستان کی اہم تاریخی شخصیات<br>سبق کا نام: گلوب اور نقشے کی مہارتیں (دہرائی) |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تمام اسباق کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (4) کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق ": انسانی تہذیب کا آغاز، قیام پاکستان میں صوبوں/علاقوں کا کردار اور پاکستان کی اہم تاریخی شخصیات""گلوب اور نقشے کی مہارتیں" کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- سبق کی پڑھائی کے بعد اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

## ورک شیٹ

20منٹ

سوال نمبر 1: صحیح جواب کا انتخاب کریں اور (✓) کا نشان لگائیں۔

**ا۔ میسوپوٹیمیا کا مطلب ہے:**

- دو شہروں کے درمیان
- دو وادیوں کے درمیان
- دو دریاؤں کے درمیان

**۲۔ وادیٔ سندھ سے ملنے والی مہروں پر تصاویر کندہ ہیں:**

- انسانوں کی
- پرندوں کی
- جانوروں کی

**۳۔ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے:**

- صوبہ پنجاب
- صوبہ سندھ
- صوبہ بلوچستان

**۴۔ رائے شماری کے ذریعے پاکستان کا حصہ بنا:**

- صوبہ پنجاب
- صوبہ خیبر پختونخوا
- صوبہ بلوچستان

**۵۔ مسلم لیگ کا قیام عمل میں لایا گیا:**

- 1905ء
- 1906ء
- 1908ء

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔

ا۔ سب سے قدیم ترین تہذیب کون سی ہے؟

______________________________

______________________________

۲۔ علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے تصور پاکستان کب دیا؟

______________________________

______________________________

۳۔ صوبہ سندھ کے راہ نماؤں کے نام لکھیں۔

______________________________

______________________________

۴۔ نقشہ اور گلوب میں کیا فرق ہے؟

______________________________

______________________________

۵۔ براعظم کسے کہتے ہیں؟

---

---

سوال نمبر 3: پاکستان میں صوبہ پنجاب کے کردار پر نوٹ لکھیں۔

---

---

---

---

---

سوال نمبر 3: حقائق کو ان کی متعلقہ تہذیبوں سے ملائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| فرعون | | دریائے سندھ |
| سمیری اور بابل | میسوپوٹیمیا کی تہذیب | موئن جودڑو اور ہڑپّہ |
| ممی | مصر کی تہذیب | دریائے دَجلہ اور فرات |
| ناپ تول کے لیے باٹ | وادی سندھ کی تہذیب | بادبانی کشتی کی ایجاد |
| قحط سالی | | اہرام |